**20-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم

---------------------------------

**Music**

---------------------------------

☆ چھ ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام دو علاقوں کے 49 حلقوں میں، لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لیے پولنگ پرامن طور پر مکمل ہوئی۔ شام پانچ بجے تک 57 فیصد پولنگ رپورٹ کی گئی ہے۔

☆ وزیر اعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی کل وارانسی میں میتری شکتی سمیلن میں شرکت کریں گے۔

☆ گجرات ATS نے احمدآباد ہوائی اڈے سے Islamic State کے چار دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔

☆ چھتیس گڑھ کے کبیردھام ضلع میں ایک سڑک حادثے میں 19 افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔

☆ محمد مخبر کو ایران کا کارگزار صدر مقرر کیا گیا ہے۔

☆ اور بھارت کی مِکسڈ ٹیم نے تھائی لینڈ میں ایشئن ایتھلیٹکس رِلے چمپئن شپ میں چار ضرب چار سو میٹر مقابلے میں طلائی تمغہ حاصل کیا ہے۔

---------------------------------

**(Music)**

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## FIFTH PHASE ELECTION

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کے لیے پولنگ آج شام ختم ہو گئی۔ مجموعی طور پر شام پانچ بجے تک 57 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں کی 49 پارلیمانی حلقوں میں اِس مرحلے میں ووٹ ڈالے گئے۔ اِن میں اترپردیش میں 14 ، مہاراشٹر میں 13، مغربی بنگال میں 7، اڈیشہ اور بہار میں ایک ایک سیٹ، جھارکھنڈ میں تین، جبکہ جموں وکشمیر اور لداخ کے مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں ایک ایک سیٹ شامل ہے۔ اڈیشہ میں 35 حلقوں کے لیے اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے بھی پولنگ ہوئی۔ جھارکھنڈ میں Gandey سیٹ اور اترپردیش میں لکھنؤ مشرقی حلقے کے لیے بھی اسمبلی کے ضمنی انتخابات ہوئے۔

اِس مرحلے میں 695 امیدوار میدان میں تھے۔ سرکردہ امیدواروں میں جن کی قسمت کا فیصلہ آج کیا گیا، اُن میں BJP لیڈر اور مرکزی وزراء راج ناتھ سنگھ، پیوش گوئل اور اسمرتی ایرانی، کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور کے ایل شرما، نیشنل کانفرنس کے عمرعبداللہ اور LJP (رام وِلاس) کے چراغ پاسوان شامل ہیں۔×

## UP POLL ARRANGEMENTS

اترپردیش کے 14 لوک سبھا حلقوں میں پولنگ پرامن طور پر مکمل ہو گئی ہے۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس مرحلے میں مجموعی طور پر 144 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ آج لکھنؤ مشرقی اسمبلی سیٹ کے ضمنی انتخاب کے لیے بھی پولنگ ہوئی۔

V/C - Sushil Chandra Tiwari

کچھ مقامات پر، پولنگ EVMs میں نقص کی وجہ سے کچھ دیر سے شروع ہوئی۔ پہلی مرتبہ ووٹ ڈالنے والے رائے دہندگان اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے بہت زیادہ پرجوش تھے۔ رائے بریلی میں کچھ مقامات پر گاؤں والوں نے پولنگ کا بائیکاٹ کیا جبکہ دوسری جانب للت پورضلع کے سولدا گاؤں نے صد فی صد پولنگ کی مثال قائم کی ہے۔ کچھ چھوٹے موٹے واقعات کے علاوہ اودھ اور بندیل کھنڈ علاقوں کی تمام 14 سیٹوں پر پولنگ پرامن رہی۔ پچھلے انتخابات میں BJP نے اِن 14 نشستوں میں سے 13 سیٹیں جیتی تھیں۔ رائے بریلی کی وہ واحد سیٹ تھی جو BJP ہار گئی تھی۔ اِس سیٹ پر کانگریس کی سابق سربراہ سونیا گاندھی کامیابی ہوئی تھیں۔

اِن 14 سیٹوں پر بہت سے قدآور لیڈر چناؤ میدان میں ہیں جن میں BJP کے لیڈر راجناتھ سنگھ، اسمرتی ایرانی، Kaushal کشور، سادھوی نرنجن جیوتی، کانگریس لیڈر راہل گاندھی، تنج پُنیا اور سماجوادی پارٹی لیڈر اودھیش پرساد شامل ہیں۔

آکاشوانی نیوز لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں ........................

## ODISHA POLLING

اڈیشہ میں انتخابات کے پانچویں مرحلے میں آج شام پانچ بجے تک 60 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔ ریاست میں پانچ لوک سبھا اور 35 اسمبلی حلقوں کے لیے آج پولنگ ہوئی۔ جن پانچ پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہوئی اُن میں Kandhamal، Sundagarh، bargarh، Balangir اور Aska نیز اِن حلقوں کے تحت تمام اسمبلی سیٹیں شامل ہیں۔ چھوٹے موٹے واقعات کے علاوہ ووٹنگ کم و بیش پرامن رہی۔ آج کی پولنگ میں وزیراعلیٰ نوین پٹنائک کی قسمت کا فیصلہ سیل کر دیا ہے، جو Hinjli اور Kantabanji، دونوں اسمبلی حلقوں سے انتخابات لڑ رہے ہیں۔

ان کے علاوہ ان کی کابینہ کے چھ وزیر، دو سابق مرکزی وزراء Jual Oram اور Dili Ray ، چار سابق ریاستی وزراء اور بہت سے موجودہ ارکان پارلیمنٹ اور ارکان قانون ساز اسمبلی بھی چناؤ میدان میں ہیں۔x

## ECI BARAMULLA VOTING

بھارتیہ انتخابی کمیشن نے آج کہا کہ جموں وکشمیر کے بارہمولہ پارلیمانی حلقہ پچھلے 8 لوک سبھا انتخابات میں اس مرتبہ سب سے زیادہ تعداد میں ووٹ ڈالے جانے کی طرف گامزن ہے۔

کمیشن کے مطابق بارہمولہ، کپواڑہ، باندی پورہ اور بڈگام ضلعوں میں شام 5 بجے تک 54 اعشاریہ دو- ایک فیصد ووٹنگ درج کی گئی۔ x

## PM VARANASI MATRI SHAKTI

وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی کل اپنے پارلیمانی حلقے وارانسی میں 25 ہزار سے زیادہ خواتین کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ جناب مودی Sampurnanand سنسکرت یونیورسٹی میں ''میتری شکتی سمیلن'' کے دوران - گرہستی سنبھالنے والی خواتین، ڈاکٹروں، اساتذہ، کاروباریوں، وکیلوں اور ایتھلیٹس کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ خواتین پروگرام چلانے اور دیگر سرگرمیوں سمیت اس ایک گھنٹہ طویل سمیلن میں ہر طرح کا کردار ادا کرے گی۔ وزیراعظم کل رات وارانسی میں قیام کریں گے اور بدھ کے روز وہ اترپردیش میں مزید دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ جناب مودی وارانسی سے تیسری مرتبہ انتخاب لڑ رہے ہیں۔ کانگریس - سماجوادی پارٹی اتحاد کے امیدوار اجے سنگھ اُن کے خلاف چناؤ میدان میں ہے۔ وارانسی میں یکم جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## POLL CAMPAIGN

لوک سبھا انتخابات کے باقی ماندہ دو مرحلوں کے لیے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ تمام پارٹیوں کے سینئر سیاسی لیڈر اُن مختلف ریاستوں میں انتخابی مہم جاری رکھے ہوئے ہے جہاں پولنگ ہونی ہے۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے آج تین ریلیاں کیں۔ ان میں سے دو ریلیاں اڈیشہ اور ایک مغربی بنگال میں منعقد ہوئی۔ مغربی بنگال میں اپنی جرگام ریلی میں جناب مودی نے کہا کہ ترنمول کانگریس لوک سبھا انتخابات میں اپنی شکست محسوس کرنے کے بعد پوری طرح بوکلاہٹ میں ہے۔

S/B - 2100 - PM Modi - West Bengal

اڈیشہ میں، جناب مودی نے، Angul اورCuttack میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔

انہوں نے کہا کہ اڈیشہ میں ریاست کے قدرتی وسائل سے مالامال ہونے کے باوجود، عوام کو غریبی کا سامنا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ریاست کی معدنیات اور ثقافت، بیجو جنتا دل اقتدار کے تحت محفوظ نہیں ہے۔ انہوں نے نوین پٹائنک سرکار کی اپنے 24 سالہ دورے اقتدار کے دوران کسانوں کی بہبود اور نوجوانوں کی بہتری کے لیے کوئی اقدام نہ کرنے پر تنقید کی ہے۔ اِس سے قبل صبح میں جناب مودی نے متبرک شہر پوری میں ایک روڈ شو کیا۔

اڈیشہ کے وزیراعلیٰ اور BJD کے صدر نوین پٹنائک نے بھی ایک بڑا روڈ شو اور بہت سے عوامی جلسے کیے۔

سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے آج ہریانہ کے کرنال اور ہسار میں ریلیاں کیں۔

انہوں نے کہا کہ نریندر مودی سرکار نے کاشت کاری کے شعبے میں منتقلی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے جامع اقدامات کیے ہیں۔ جناب شاہ نے کہا کہ کانگریس حکومت کے دوران کسانوں کا بجٹ 22 ہزار کروڑ روپے تھا، لیکن وزیراعظم نریندر مودی نے گذشتہ دس سالوں میں اِسے بڑھا کر 1 لاکھ 25 ہزار کروڑ روپے کر دیا ہے۔

اتر پردیش کے وزیراعلیٰ سینئر BJP لیڈر یوگی آدتیہ ناتھ نے آج چنڈی گڑھ میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے اتر پردیش کے ڈومریا گنج اور سنت کبیر نگر میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ آئی،این، ڈی، آئی بلاک اگر اقتدار میں آتا ہے، تو وہ نوجوانوں کو 30 لاکھ نوکریاں دے گا اور اگنی ویر اسکیم ختم کرنے کے لیے بھی کام کرے گا۔×

## PM NET PROFILE

رواں مالی سال میں بینکاری کے شعبے میں پہلی مرتبہ مجموعی منافع 3 لاکھ کروڑ روپے سے تجاوز کرگیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے بینکاری کے شعبے میں اس نمایاں ترقی کی ستائش کی۔ سرکاری اور نجی شعبے کے فہرست میں شامل بینکوں کا مجموعی منافع، مالی سال 2023 میں 2 لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے تھا، جو اس برس 39 فیصد اضافے کے ساتھ

3 لاکھ 10 ہزار کروڑ روپے ہے۔ سرکاری زمرے کے بینکوں نے پچھلے سال کے مقابلے اس سال 34 فیصد اضافے کے ساتھ ایک لاکھ 40 ہزار کروڑ روپے مجموعی منافع کمایا ہے۔ جبکہ نجی شعبے کے بینکوں کے مجموعی منافع میں تقریباً 42 فیصد کا اضافہ ہوا اور پچھلے سال کے ایک لاکھ 20 ہزار کروڑ روپے کے مقابلے اس سال ایک لاکھ 70 ہزار کروڑ روپے رہا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بینکوں کی صورتحال میں بہتری سے غریبوں/ کسانوں اور MSMEs کو قرض کی فراہمی میں مدد ملے گی۔ x

## GUJARAT TERRORISTS

گجرات کی ATS نے، احمدآباد میں، سردار ولبھ بھائی پٹیل بین الاقوامی ہوائی اڈے سے چار دہشت گردوں کو گرفتار کیا ہے۔ مقامی حکام کے مطابق گرفتار شدہ تمام دہشت گرد سری لنکا کے رہنے والے ہیں اور اُن کا تعلق Islamic State سے ہے۔ انہوں نے چینئی کے راستے سری لنکا سے احمدآباد تک کا سفر کیا۔ ATS، احمدآباد میں اُن کی آمد کا مقصد معلوم کرنے کے لیے دہشت گردوں سے پوچھ تاچھ کر رہی ہے۔ تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ یہ دہشت گرد اپنی کارروائیاں کرنے کے لیے پاکستان میں اپنے ہینڈلر سے احکامات کا انتظار کر رہے تھے۔

ایک سرکاری ریلیز میں گجرات ATS نے مطلع کیا کہ ATS کو یہ معلومات موصول ہوئی تھی کہ محمد نصرت، محمد نفران، محمد فارس اور محمد رسدین نامی چار سری لنکا کے باشندے، بھارت میں کسی مقام پر دہشت گردانہ کارروائی کرنے والے ہیں۔ یہ لوگ ممنوعہ دہشت گرد تنظیم Islamic State کے فعال رکن اور IS کے نظریات کے حامی ہیں۔

ATS کی ٹیم نے احمدآباد ہوائی اڈے سے انہیں حراست میں لیا ہے۔ تحقیقات کے دوران دہشت گردوں نے بتایا کہ وہ ممنوعہ دہشت گرد تنظیم اسلامک اسٹیٹ، IS کے فعال رکن ہیں اور ابوبکر البغدادی کے پیروکار ہیں۔ ثبوتوں کی بنیاد پر گجرات ATS نے اُن کے خلاف UAPA کے تحت ایک کیس درج کیا ہے۔x

## REV CHHATTISGARH ROAD ACCIDENT

چھتیس گڑھ میں، سڑک حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 19 ہو گئی ہے۔ یہ حادثہ کبیر دھام ضلع کے Kukdur پولیس اسٹیشن حلقے میں اس وقت پیش آیا، جب ایک گاڑی قابو سے باہر ہو کر Bahpani گاؤں کے نزدیک ایک کھائی میں جا گری۔ اِس گاڑی میں 25 افراد سوار تھے، جو تیندو کے پتے توڑ کر اپنے گاؤں لوٹ رہے تھے۔

13 افراد جائے حادثے پر ہی ہلاک ہو گئے جبکہ 12 زخمی افراد کو اسپتال میں داخل کیا گیا، جہاں علاج کے دوران زخموں کی تاب نہ لاکر چھ افراد چل بسے۔ اس حادثے میں، جو 19 افراد ہلاک ہوئے ہیں، اُن میں سے 18 خواتین ہیں۔×

## IRAN NEW PRESIDENT

ایران کے سپریم رہنما آیت اللہ علی خامنائی نے، ہیلی کاپٹر کے ایک حادثے میں ابراہیمی رئیسی کے جاں بحق ہونے کے تناظر میں، نائب صدر محمد مخبر کو کارگزار صدر مقرر کیا ہے۔ سپریم رہنما نے جناب رئیسی کے احترام میں پانچ دن کے قومی سوگ کا بھی حکم دیا ہے۔ جناب رئیسی 2021 سے صدارت کے عہدے پر فائز تھے۔ پروٹوکول کے مطابق مخبر کا عبوری صدر بننے کا امکان تھا۔ اب 50 دن کے اندر اندر نئے انتخابات ہوں گے۔ ایرانی صدر ابراہیم رئیسی، وزیر خارجہ حسین امیر عبدالنہیان اور اُن کے ساتھ سفر کر رہا حکام کا ایک گروپ شمال-مغربی ایران میں ہیلی کاپٹر کے ایک حادثے میں ہلاک ہو گئے ہیں۔ بھارت نے ہیلی کاپٹر کے حادثے میں ایران کے صدر اور وزیر خارجہ کی موت پر احترام کے طور پر کل ایک دن کے سرکاری سوگ کا اعلان کیا ہے۔

قومی پرچم ملک بھر میں اُن تمام عمارتوں پر سرنگوں رہے گا جہاں قومی پرچم باقاعدگی سے لہراتا ہے۔ علاوہ ازیں، کل کوئی بھی سرکاری تفریحی پروگرام نہیں ہوگا۔×

## CCI FOUNDATION DAY

اٹارنی جنرل آف انڈیا آر وینکٹ رمانی نے آج دنیا کے تمام مسابقتی ریگولیٹرس پر ڈیجیٹل مارکیٹوں کے ابھرتے ہوئے رجحانات سے نمٹنے پر زور دیا ہے۔ وہ نئی دلّی میں بھارتی مسابقتی کمیشن کے 15 ویں یوم تاسیس کی تقریب میں عوام سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب وینکٹ رمانی نے کہا کہ آج کے مسابقتی ماحول میں رازداری اور ڈیٹا کی بہت اہمیت سمجھی جاتی ہے۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ رازداری ایک بنیادی حق ہے جو ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کی اہمیت سے جڑا ہوا ہے۔ جناب وینکٹ رمانی نے اس بات پر بھی زور دیا کہ طرز عمل سے متعلق معاشیات مفید ہیں کیونکہ یہ انسانی ترجیحات کے بارے میں بصیرت فراہم کرتی ہے۔

CCI کی چیئر پرسن Ravneet Kaur نے کہا کہ CCI مصنوعی ذہانت AI کے موضوع پر ایک مارکیٹ اسٹڈی لانچ کرنے کے عمل میں ہے۔ انھوں نے کہا کہ مصنوعی ذہانت AI میں تبدیلیاں لانے کی بے پناہ صلاحیت ہے۔ x

## ICMR COVAXINE

طبی تحقیق کی بھارتی کونسل ICMR نے کہا ہے کہ کو-ویکسن کے مضر اثرات پر بنارس ہندو یونیورسٹی کے ذریعے کئے گئے مطالعے سے متعلق مضمون گمراہ کن ہے اور ICMR کو غلط طریقے سے اس سے منسوب کیا گیا ہے۔ ایک بیان میں ICMR نے کہا کہ اس کا مطالعے سے کوئی واسطہ نہیں ہے اور اس نے اس تحقیق کے لئے کوئی مالی یا تکنیکی مدد فراہم نہیں کی ہے۔

ICMR کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر راجیو بہل نے مضمون کے ایڈیٹر اور مصنفین کو ایک مکتوب تحریر کیا کہ وہ ICMR کے ذریعے تحقیق کو تسلیم کئے جانے سے متعلق بیان کو فوری طور پر ہٹائیں۔ جناب بہل نے اس مطالعے کے ناقص طریقۂ کار کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے کہا کہ جائزے میں درج کئے گئے واقعات کو کووڈ-19 ویکسن سے نہیں جوڑا جاسکتا۔ x

## UTTARAKHAND CHARDHAM YATRA

اتراکھنڈ میں، چار دھام یاترا کے دوران عقیدتمندوں کے بہت زیادہ تعداد میں پہنچنے کی وجہ سے آف لائن اندراج کو 31 مئی تک معطل کر دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ پرکاش سنگھ دھامی نے چار دھام یاترا سے متعلق آج دہرہ دون میں ایک میٹنگ کے دوران یہ ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے حکام کو ہدایت کی کہ وہ عقیدت مندوں کی تعداد کا انتظام کرنے کی غرض سے ٹور آپریٹرز کے لیے رہنما خطوط تیار کریں۔

اسی دوران ریاست کی تمام چار دھاموں میں عقیدت مندوں کی نقل و حرکت آسانی کے ساتھ جاری ہے۔ اب تک پچھلے دس دنوں میں، تقریباً سات لاکھ عقیدتمند کیدرار ناتھ، بدری ناتھ، گنگوتری اور یمنوتری دھام پہنچ چکے ہیں۔ آج تقریباً 20 ہزار عقیدتمند نے اترکاشی میں، گنگوتری اور یمنوتری دھام پہنچے۔x

## ASIAN ATHLETICS RELAY CHAMPIONSHIP

تھائی لینڈ کی راجدھانی بینکاک میں جاری ایشیائی آتھلیٹکس Relay چمپئن شپ 2024 میں بھارتیہ مکسڈ ٹیم نے قومی ریکارڈ توڑا۔ محمد اجمل، جیوتِکا سری، اموج جیکب اور سُبھا وینکٹسن پر مشتمل ٹیم نے 400 میٹر دوڑ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ جبکہ سری لنکا نے چاندی اور ویتنام نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ مذکورہ چاروں آتھلیٹس عالمی آتھلیٹکس کی روڈ ٹو پیرس فہرست میں 21 ویں مقام پر ہیں۔ x

**KERALA HS UPHELD**

کیرالہ ہائی کورٹ نے آسام سے مائیگرینٹ ایک مزدور محمد امیرالاسلام کو سنائی گئی سزائے موت کے فیصلے کو برقرار رکھا ہے۔ اُسے یہ سزا 2016 میں ارناکلم ضلعے کے Perumbavoor میں لاء کالج کی ایک طالب علم کی آبروریزی اور قتل کرنے کے سلسلے میں سنائی گئی تھی۔ جسٹس پی پی سریش کمار اور ایس منو پر مشتمل ہائی کورٹ کی ایک ڈویژن بنچ نے Ernakulam سیشن عدالت کے ذریعے سنائی گئی سزائے موت کی توثیق کی اور ملزم کے ذریعے نچلی عدالت کے حکم کے خلاف دائر اپیل کو خارج کر دیا۔ استغاثہ کا  الزام یہ تھا کہ ملزم، متاثرہ کے گھر میں جبرن داخل ہوا، اُس کی آبرو ریزی کی کوشش کی اور جب اُس نے مدافعت کی تو اُس نے اسے قتل کر دیا۔ x

**KERALA HAJ**

کیرالہ میں ریاست سے عازمین حج کا پہلا گروپ آج رات 12 بج کر 5 منٹ پر کالی کٹ بین الاقوامی ہوائی اڈے سے جدہ کیلئے روانہ ہوگا۔ کالی کٹ سے پہلی مرتبہ ایئر انڈیا ایکسپریس پرواز پر 80 خواتین سمیت کُل 166 عازمین حج سوار ہوں گے۔ ہوائی اڈے پر آج قائم کیا گیا حج کیمپ اگلے ماہ کی 9 تاریخ تک قائم رہے گا۔ اس برس 17 ہزار 883 عازمین فریضۂ حج ادا کریں گے جس کا بندوبست کیرالہ حج کمیٹی نے کیا ہے۔ x

**WEST BENGAL VOTING**

مغربی بنگال میں آج ووٹنگ کا عمل پُرامن طریقے سے مکمل ہوگیا۔ بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔

پیش ہے ایک رپورٹ............

VC- Kalyan Laha

انتخابات کے پانچویں مرحلے میں مغربی بنگال کے 3 اضلاع کے سبھی 7 پارلیمانی حلقوں میں ووٹنگ پُرامن رہی۔ یہ حلقے ہیں: بون گاؤں، براک پورے، ہاوڑہ، Uluberia،  سری رام پور، ہُگلی اور آرام باغ۔ کچھ حلقوں کے چند پولنگ مراکز پر پولنگ ایجنٹوں کو روکے جانے اور ووٹروں پر اثر انداز ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ سیکورٹی دستوں نے فوری طور پر اس طرح کی صورتحال پر قابو پایا۔

دوپہر میں بارش کی وجہ سے ووٹنگ میں تھوڑی دیر کیلئے رخنہ پڑا لیکن کمیشن نے اس سلسلے میں تیزی سے اقدامات کئے۔ چار حلقوں میں احتیاطی طور پر 90 گرفتاریاں عمل میں آئیں۔

کلیان لاہا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں..................